
# منشیات کی لت اور عوامی رائے

59% پاکستانی ہیروئن اور افیون کے عادی افراد کو علاج فراہم کرنے کے حامی، جبکہ 33% سزا دینے کے حق میں؛ شہری علاقوں 73% اور ایف اے یا اس سے زائد تعلیم یافتہ افراد 76% میں علاج کی حمایت زیادہ پائی گئی۔

آپ کے خیال میں ہیروئن اور افیون کے عادی افراد کو؟




معلوم نہیں: چار فیصد
جواب نہیں دیا دو فیصد

Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

معاشرتی رویے

**منشیات کی لت اور عوامی رائے**

## 59% پاکستانی ہیروئن اور افیون کے عادی افراد کو علاج فراہم کرنے کے حامی، جبکہ 33% سزا دینے کے حق میں؛ شہری علاقوں (73%) اور ایف اے یا اس سے زائد تعلیم یافتہ افراد (76%) میں علاج کی حمایت زیادہ پائی گئی۔

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)


(اسلام آباد، 16 جون 2026)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (59%) کا ماننا ہے کہ ہیروئن اور افیون کے عادی افراد کو علاج کی سہولیات فراہم کی جانی چاہئیں، جبکہ 33% کا خیال ہے کہ ایسے عادی افراد کو سزا ملنی چاہیے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے خیال میں ہیروئن اور افیون کے عادی افراد کو؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 59% پاکستانیوں کے مطابق ہیروئن اور افیون کے عادی افراد کو علاج کی سہولیات فراہم کی جانی چاہیے، 33% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں سزا دی جانی چاہیے، 2% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اکیلا چھوڑ دینا چاہیے، 4% جوابدہندگان کو اس حوالے سے معلوم نہیں، جبکہ 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

مجموعی طور پر، یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ زیادہ تر پاکستانی ہیروئن اور افیون کے عادی افراد کی صحت یابی اور علاج کی حمایت کرتے ہیں، اور یہ حمایت خاص طور پر شہری علاقوں کے رہائشیوں اور اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد میں بہت زیادہ دیکھنے میں آئی۔ یہ نتائج منشیات کے حوالے سے بنائی جانے والی پالیسی پر عوامی رویوں اور پاکستان میں صحت کی بحالی سے متعلق اقدامات کی ممکنہ قبولیت کے حوالے سے اہم معلومات فراہم کرتے ہیں۔


**"آپ کے خیال میں ہیروئن اور افیون کے عادی افراد کو؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 780 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** دیہی جوابدہندگان (51%) کی نسبت شہری علاقوں کے جوابدہندگان (73%) میں علاج کی سہولیات فراہم کرنے کی حمایت زیادہ پائی گئی، جو شہروں میں بحالیِ صحت کے حق میں مضبوط حمایت کی عکاسی کرتا ہے۔ اس کے برعکس، شہری علاقوں (24%) کے مقابلے دیہی علاقوں میں سزا دینے کے حوالے سے زیادہ رجحان (39%) دیکھنے میں آتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*([www.gallup-international.com](http://www.gallup-international.com); [www.gallup.com.pk](http://www.gallup.com.pk), [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** اس حوالے سے نتائج میں تعلیم بھی ایک اہم کردار ادا کرتی نظر آتی ہے۔ ایف اے (FA) اور اس سے زیادہ تعلیم یافتہ جوابدہندگان علاج کے لیے سب سے زیادہ حمایت (76%) اور سزا دینے کی سب سے کم حمایت (23%) کرتے ہیں، جبکہ ایف اے (FA) سے کم تعلیم یافتہ جوابدہندگان میں علاج کی حمایت تھوڑی کم (56%) اور جبکہ سزا (35%) کی حمایت زیادہ پائی جاتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*([www.gallup-international.com](http://www.gallup-international.com); [www.gallup.com.pk](http://www.gallup.com.pk), [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 16 June 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)